روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 27 نومبر 2008ء 28 ذیقعد 1429 ہجری 27 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 272

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب انسان اللہ تعالیٰ کی ہستی اوران صفات پرایمان لاتا ہے،توخواہ مخواہ روح میں ایک جوش اورتحریک ہوتی ہےاوردعا کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتی ہے۔اس کے بعد اھدنا الصراط المستقیم کی ہدایت فرمائی۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خداتعالیٰ کی تجلیات اوررحمتوں کےظہور کے لئے دعا کی بہت بڑی ضرورت ہے۔اس لئے اس پرہمیشہ کمربستہ رہواورکبھی مت تھکو۔

اصلاح نفس کے لئے اورخاتمہ بالخیرہونے کے لئے نیکیوں کی توفیق پانے کے واسطے دوسرا پہلو دعا کا ہے۔اس میں جس قدرتوکل اوریقین اللہ تعالیٰ پرکرے گا۔اوراس راہ میں نہ تھکنے والا قدم رکھے گا اسی قدرعمدہ نتائج اورثمرات ملیں گے۔تمام مشکلات دورہوجائیں گی اوردعا کرنے والاتقویٰ کے اعلیٰ محل پرپہنچ جائے گا۔یہ بالکل سچی بات ہے کہ جب تک خداتعالیٰ کسی کو پاک نہ کرے کوئی پاک نہیں ہوسکتا۔نفسانی جذبات پرمحض خداتعالیٰ کے فضل اورجذبہ ہی سے موت آتی ہےاور یہ فضل اورجذبہ دعا ہی سے پیدا ہوتا ہےاور یہ طاقت صرف دعا ہی سے ملتی ہے۔

میں پھرکہتا ہوں کہ (۔) خصوصاً ہماری جماعت کو ہرگز ہرگز دعا کی بےقدری نہیں کرنی چاہئے۔کیونکہ یہی دعا تو ہے جس پر (۔) ناز کرنا چاہئے۔

دعا خداتعالیٰ کی ہستی کا زبردست ثبوت ہے؛ چنانچہ خداتعالیٰ ایک جگہ فرماتا ہے (۔) یعنی جب میرے بندے تجھ سے سوال کریں کہ خدا کہاں ہےاوراس کا کیا ثبوت ہےتو کہہ دو کہ وہ بہت ہی قریب ہےاوراس کا ثبوت یہ ہے کہ جب کوئی دعا کرنے والا مجھے پکارتا ہےتومیں اسے جواب دیتا ہوں۔یہ جواب کبھی رؤیا صالحہ کے ذریعہ ملتا ہےاورکبھی کشف اورالہام کے واسطے سے۔اور علاوہ بریں دعاؤں کے ذریعہ خداتعالیٰ کی قدرتوں اورطاقتوں کا اظہار ہوتا ہےاورمعلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسا قادر ہے کہ مشکلات کوحل کر دیتا ہے۔

غرض دعا بڑی دولت اورطاقت ہےاورقرآن شریف میں جابجا اس کی ترغیب دی ہےاورایسے لوگوں کے حالات بھی بتائے ہیں جنہوں نے دعا کے ذریعہ اپنی مشکلات سے نجات پائی۔انبیاء علیہم السلام کی زندگی کی جڑاوران کی کامیابیوں کا اصل اورسچا ذریعہ یہی دعا ہے۔پس میں نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی ایمانی اورعملی طاقت کو بڑھانے کے واسطے دعاؤں میں لگے رہو۔دعاؤں کے ذریعہ سے ایسی تبدیلی ہوگی جوخدا کے فضل سے خاتمہ بالخیرہوجاوے گا۔

(ملفوظات جلدچہارم ص 207)

ساری دعائیں جمع کردیں

حضرت ابوامامہؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے آنحضرت ﷺ سے دعا کی درخواست کی تو آپؐ نے یہ دعا کی اورفرمایا کہ میں نے اس میں تمہارے لئے ساری دعائیں جمع کردی ہیں۔ اے اللہ ہمیں بخش دے اورہم پررحم کر۔ہم سے راضی ہوجا اورہم سے (بندگی) قبول کراورہمیں جنت میں داخل کراورآگ سے بچااورہمارے سارے کام درست کردے

(سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء باب دعاء رسول اللّٰہ حدیث نمبر 3826)

تحریک وقف جدید کی اہمیت

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اس بابرکت تحریک کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’یہ کام خداتعالیٰ کا ہےاورضرور پورا ہوکررہے گا۔میرے دل میں چونکہ خداتعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہےاس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں،کپڑے بیچنے پڑیں میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے توخداتعالیٰ ان لوگوں کوالگ کردے گا جومیرا ساتھ نہیں دے رہےاور میری مدد کیلئے فرشتے آسمان سے اتارے گا۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 5 جنوری 1958ء)

سپیشلسٹس کی فوری ضرورت

مندرجہ ذیل سپیشلسٹ /رجسٹرار/نرسنگ آسامیوں کی فضل عمرہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

ای این ٹی سپیشلسٹ
گائنی سپیشلسٹ
آئی سپیشلسٹ
میڈیکل/گائنی سرجیکل رجسٹرار/میل/فی میل
نرسز/میل/فی میل
ریڈیوگرافراورلیبارٹری اسسٹنٹ

کوالیفائیڈ خواہشمند خواتین ، حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب /امیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹرفضل عمرہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔تجربہ رکھنے والوں کوترجیح دی جائے گی۔

(ایڈمنسٹریٹرفضل عمرہسپتال ربوہ)

دارالضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پرمرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہش مند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلدازجلد خاکسار کو بھجوادیں۔

قربانی بکرا 7000/- روپے
قربانی حصہ گائے 3500/- روپے

(نائب ناظرضیافت ربوہ)

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ”پانچ بنیادی اخلاق“

برائے مجلس اطفال الاحمدیہ و ناصرات الاحمدیہ 2008-09ء

قواعد، ذیلی عناوین و امدادی کتب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس انصاراللہ پاکستان ہر سال انصار، خدام، لجنہ، ناصرات اور اطفال کے مابین مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا کرے گی۔

سال 2008-09ء کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے عناوین ذیلی عناوین، قواعد اور امدادی کتب پر مشتمل تفصیلات ہر تنظیم کے لئے الگ الگ تیار کی گئی ہیں۔ جو باری باری شائع کی جارہی ہیں۔

(ڈاکٹر عبدالخالق خالد۔ قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

قواعد:

☆عنوان مقالہ ”پانچ بنیادی اخلاق“

☆مقالہ کے الفاظ 25ہزار سے کم نہ ہوں اور 40ہزار سے زائد نہ ہوں۔ الفاظ کی پابندی ضروری ہے۔ بصورت دیگر مقالہ مقابلہ میں شامل نہ ہوگا۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے شروع میں نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنّفین، کتاب کا نام، شائع کرنے والے ادارے کا نام، ایڈیشن، سنِ اشاعت، جلد اور صفحہ نمبر کا ذکر ضرور کیا جائے۔ حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔ دائیں طرف حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31اگست 2009ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆ان مقابلہ جات میں مجلس اطفال الاحمدیہ اور ناصرات الاحمدیہ شریک ہوں گی۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور سے صاف اور خوشخط تحریر کریں۔

☆مجلس اطفال الاحمدیہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں اور ناصرات الاحمدیہ اپنے مقالہ جات لجنہ اماء اللہ پاکستان کی وساطت سے ارسال کریں۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جارہی ہے۔ تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز اگر چاہیں تو وہ مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔ تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے عناوین کے تحت لکھنا ضروری ہوگا۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔ مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات:

اوّل : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب+ سند امتیاز +15 ہزار روپے نقد انعام

دوم : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب+سند امتیاز+ 10 ہزار روپے نقد انعام

سوم: ماڈل ستارہ احمدیت+ کتب+سند امتیاز+ 5 ہزار روپے نقد انعام

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ مقابلہ میں شرکت کرنے والے تمام اطفال و ناصرات کو سندِ شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1-اخلاق کی تعریف۔ لغوی و اصطلاحی معنی

2-اخلاق کی مختلف اقسام

3-اخلاق حسنہ کی حسن معاشرت میں ضرورت و اہمیت

4-سچائی کے لغوی معنی۔ سچائی از روئے قرآن و احادیث۔ انسانی کردار کی تعمیر میں سچائی کی اہمیت

5-وُسعت حوصلہ کی تعریف از روئے قرآن و احادیث

6-وسعت حوصلہ کے معاشرے پر مثبت اثرات

7-نرم اور پاک زبان کے استعمال سے معاشرے میں امن اور سلامتی کی ضمانت

8-ادب اور آداب کی جامع تعریف اور معاشرتی زندگی پر اس کے بہتر اثرات

9-غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے سے فلاحی معاشرے کی تشکیل

10-مضبوط عزم اور ہمت کے لغوی معنی اور معاشرے پر اس کے اثرات

11-آنحضرتؐ کے زمانہ میں مسلمانوں کے اعلیٰ اخلاق کی مثالیں

12-بنیادی اخلاق کے بارہ میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے ارشادات

13-تحریک وقفِ نو میں بنیادی اخلاق کی اہمیت و ضرورت

14-انبیاء کی بعثت کا مقصد لوگوں کو اعلیٰ اخلاق کی تربیت دینا ہے۔

15-بچوں کے اخلاق و عادات کی درستی کے لئے نماز باجماعت کی اہمیت

16-پانچ بنیادی اخلاق کا بچوں کی تربیت میں مرکزی کردار

امدادی کتب:

1-قرآن کریم

2-تفسیر صغیر از حضرت مصلح موعود

3-تفسیر کبیر از حضرت مصلح موعود (انڈیکس سے لفظ ”اخلاق“ کے تحت)

4-ترجمہ قرآن کریم۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

5-مشعلِ راہ جلد اوّل تا پنجم۔ شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

6-خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 24 نومبر 1989ء (پانچ بنیادی اخلاق)

7-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی

8-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی

9-کتب احادیث۔(حدیقۃ الصالحین۔ احادیث الاخلاق۔ ریاض الصالحین)

10-سیرت المہدی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

11-حضرت محمدؐ۔ مولفہ مولانا غلام باری صاحب سیف

12-شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں۔(خطبات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

13۔اسوۂ انسان کامل۔ حافظ مظفر احمد صاحب

رسائل:

ماہنامہ ”انصاراللہ“ (دسمبر 1989ء، ستمبر 1990ء)

ماہنامہ ”خالد“ (دسمبر 1989ء جنوری، فروری، جولائی، اگست 1990ء، جون 1991ء)

ماہنامہ ”تشحیذ الاذہان“ (جون، ستمبر، اکتوبر، دسمبر 1989ء۔ جنوری 1990ء۔ جون، جولائی 1999ء۔ اگست 2002ء)

ماہنامہ ”مصباح“ (دسمبر 1989ء۔ جنوری، نومبر 1990ء۔ اگست 1992ء۔ اپریل، اگست 1993ء)

اخبارات:

روزنامہ الفضل۔ الفضل انٹرنیشنل

☆......☆......☆

سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کا بابرکت کلام

ٹوٹے کاموں کو بناوے جب نگاہِ فضل ہو
پھر بنا کر توڑ دے اک دم میں کر دے تار تار
تو ہی بگڑی کو بناوے توڑ دے جب بن چکا
تیرے بھیدوں کو نہ پاوے سو کرے کوئی بچار
جب کوئی دل ظلمتِ عصیاں میں ہووے مبتلا
تیرے بِن روشن نہ ہووے گو چڑھے سورج ہزار
اس جہاں میں خواہشِ آزادگی بے سود ہے
اِک تری قیدِ محبت ہے جو کر دے رستگار
دل جو خالی ہو گدازِ عشق سے وہ دل ہے کیا
دل وہ ہے جس کو نہیں بے دلبرِ یکتا قرار

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

قادیان دارالامان میں خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے عظیم الشان تاریخی پروگراموں کی جھلکیاں

نماز تہجد، مزار مبارک پر اجتماعی دعا، پُروقار جلوس، جلسہ یوم خلافت، پرچم کُشائی، چراغاں، آرائشی گیٹوں کی تنصیب، پیغام صدر جمہوریہ ہند، وسیع پیمانے پر تشہیر

رپورٹ: مکرم قریشی محمد فضل اللہ صاحب

اللہ تعالیٰ کا بے انتہا فضل و احسان ہے کہ خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کے اختتام اور دوسری صدی کے آغاز کا عظیم الشان دن ہماری زندگیوں میں آیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی قیادت وراہنمائی میں یہ جوبلی شاندار طریق پر عالمگیر جماعت احمدیہ منا رہی ہے۔

نماز تہجد

قادیان دارالامان میں 27 مئی کے پروگراموں کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جو مکرم مولانا سلطان احمد صاحب ظفر پرنسپل جامعۃ المبشرین نے ساڑھے تین بجے بیت اقصیٰ میں پڑھائی۔ بیت مبارک میں مستورات کے لئے انتظام تھا۔ دونوں بیوت مرد وزن چھوٹے بڑے افراد سے پوری طرح بھری ہوئی تھیں اسی طرح بیت نور، بیت ننگل اور کاہلوں کی بیت میں بھی نماز تہجد ادا کی گئی۔

اجتماعی دعا اور جلوس

نماز فجر کے بعد تمام افراد مزار مبارک سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود پر حاضر ہوئے اور محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اعلیٰ وامیر جماعت احمدیہ قادیان نے طویل دعا کرائی۔ بعدہٗ مقام ظہور قدرت ثانیہ پر تمام افراد جماعت اکٹھے ہوئے اور وہاں اجتماعی دعا کے بعد احباب جماعت کو گیٹ بہشتی مقبرہ پر جلوس کی شکل میں ترتیب دیا گیا جس کے لئے محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ کی نگرانی میں آگے بیچ کی دو لائنوں میں ممبران صدر انجمن احمدیہ، ناظران وافسران صیغہ جات تھے اور دونوں اطراف مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ ملکی ومقامی ایک لائن میں سکارف پہن کر ساتھ ساتھ چل رہے تھے اس کے پیچھے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی مبارک ہو اور خلافت احمدیہ زندہ باد و انسانیت زندہ باد، مرزا غلام احمد کی جے کے بڑے سائز کے بینرز تھے جبکہ چھوٹے بچے چھوٹے سائز میں انہی عبارتوں پر مشتمل جھنڈے لئے ہوئے تھے۔ تمام جلوس میں محترم ناظر صاحب اعلیٰ اور محترم صدر صاحب صدر انجمن احمدیہ جلوس کے آگے آگے چلتے رہے۔ یہ جلوس گیٹ بہشتی مقبرہ سے سیدھے لنگر خانہ سے ہوتے ہوئے بیت مبارک کے گیٹ کے سامنے آکر رکا جہاں پر محترم مولانا حکیم محمد دین صاحب نے بیت مبارک سے اجتماعی دعا کرائی اس دعا کے بعد مکان حضرت خلیفۃ المسیح الاول پر بھی اجتماعی دعا ہوئی جو محترم محمد عارف صاحب ننگلی نائب امیر جماعت احمدیہ قادیان نے کرائی۔ یہاں پر دعا کے بعد جلوس احمدیہ پریس کے پاس سے گزرتا ہوا مین سڑک پر آیا اور نور ہسپتال کے سامنے سے بیت نور کی طرف چلا۔ S.S باجوہ سکول کے پاس سے ہوتا ہوا خالصہ سکول (سابقہ بورڈنگ احمدیہ) کے پاس سے گزرتا ہوا بیت نور پہنچا۔ راستہ بھر میں معززین شہر اور غیر مذاہب کی تنظیموں وسوسائٹیوں کی طرف سے جگہ جگہ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی مبارک ہو کے بینرز اور گیٹ بنائے گئے تھے نیز راستہ میں جگہ جگہ معززین شہر کھڑے ہو کر اس جلوس کا خیر مقدم کرتے اور بعض افراد جلوس میں شامل ہو کر ساتھ ہی چل پڑتے جو کہ انسانیت اور رواداری کی بہترین مثال پیش کر رہا تھا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ وائٹ ایوینیو میں بھائی چمن سنگھ خالصہ نے اپنے گھر سے باہر آکر پُرجوش استقبال کیا اور محترم ناظر صاحب اعلیٰ کو سروپا پیش کیا جبکہ مکان کے اوپر سے اہل خانہ نے پورے جلوس پر گیندے کے پھول برسائے۔ الغرض پورا راستہ جلوس کا پُرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ سب کے اخلاص کی بہترین جزا دے۔

بیت نور میں جلسہ

6 بجے یہ جلوس بیت نور پہنچا جہاں محترم ناظر صاحب اعلیٰ کی زیر صدارت ایک مختصر سا جلسہ ہوا جس میں محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم نے نہایت جامع رنگ میں آج کے دن کی اہمیت اور بیت نور کا تاریخی پس منظر بیان کیا آپ نے فرمایا کہ اس وقت یہ بیت ایس این کالج کے احاطہ میں ہے۔ کالج کی انتظامیہ اور یہاں کے پڑوسی بہت اچھا سلوک کر رہے ہیں۔ ہمارے ساتھ تعاون کرتے ہیں ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اس بیت کی تعمیر 1910ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے شروع فرمائی اور 1912ء میں مکمل ہوئی اور خلافت ثانیہ کا انتخاب بھی یہاں ہی ہوا اس لئے یہ بیت اور اس کے اردگرد کی عمارتیں ہمارے لئے مقدس اور تاریخی اہمیت کی حامل ہیں۔ اس خطاب کے بعد محترم ناظر صاحب اعلیٰ نے اجتماعی دعا کرائی اور جملہ حاضرین کی چائے بسکٹ اور لڈوؤں سے تواضع کی گئی۔ اس کے بعد جملہ افراد جماعت واپس اپنے گھروں میں تشریف لے گئے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پورے راستہ میں میونسپلٹی کی طرف سے پانی کے چھڑکاؤ کے ساتھ دونوں طرف چونے کی لائنیں ڈالی گئیں۔

مختلف عمارتوں پر لوائے احمدیت لہرایا گیا

جلوس سے واپسی کے بعد محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری نے دارالمسیح میں حضرت نواب محمد علی خان صاحب کے مکان پر بالائی منزل پر لوائے احمدیت لہرایا جس کے بعد محترم محمد اسماعیل صاحب طاہر صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے ایوان خدمت کی چھت پر لوائے احمدیت لہرایا پھر مکرم منیر احمد صاحب خادم صدر مجلس انصار اللہ بھارت نے ایوان انصار کی چھت پر لوائے احمدیت لہرایا جس کے بعد مکرم ڈاکٹر محمد عارف صاحب صدر انتظامیہ کمیٹی نور ہسپتال نے نور ہسپتال کی چھت پر لوائے احمدیت لہرایا اور محترم شیراز احمد صاحب ناظر تعلیم نے جامعہ احمدیہ میں سرائے طاہر کی چھت پر اور جامعۃ المبشرین میں گیسٹ ہاؤس کی چھت پر لوائے احمدیت لہرایا جبکہ محترم رشید الدین صاحب پاشا صدر عمومی نے نصرت لائبریری میں لجنہ اماء اللہ کے زیر انتظام لوائے احمدیت لہرایا یہ تمام تقاریب نہایت باوقار طریق پر خدام کے پہرے میں دو ناظر صاحبان کی موجودگی میں نہایت عزت و احترام اور دعا کے ساتھ انجام پائیں۔

جلسہ یوم خلافت

صبح سوا نو بجے محترم حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر صدر انجمن احمدیہ کی زیر صدارت بیت اقصیٰ میں خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کا جلسہ منعقد ہوا۔ مکرم عبدالوکیل صاحب نیاز نائب ناظم وقف جدید و ایڈیٹر دوماہی رسالہ انصار اللہ قادیان نے سورۃ النور کی آیت 52 تا 58 کی تلاوت کی اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ترجمہ قرآن مجید سے ان آیات کا ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد عزیز کے راشد احمد متعلم جامعہ احمدیہ اور اس کے ساتھیوں نے ایک ترانہ

خلافت ہے نعمت خلافت انعام
خلافت ہے تجدید دیں کا پیام

خوش الحانی سے پیش کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقعہ پر ارسال کردہ بصیرت افروز پیغام مکرم منصور احمد صاحب استاد جامعہ احمدیہ قادیان نے پڑھ کر سنایا۔

ازاں بعد مکرم مولانا محمد حمید صاحب کوثر پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان نے آنحضرت ﷺ کا وصال اور خلافت راشدہ کا قیام کے عنوان پر پُرجوش تقریر فرمائی۔

دوسری تقریر محترم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد ایڈیشنل ناظم وقف جدید نے ''منکرین خلافت کا انجام'' کے عنوان سے فرمائی۔

آخر پر محترم صدر اجلاس نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا بے حد فضل واحسان ہے کہ اس نے خلافت کی نعمت سے نوازا اس کا جتنا بھی شکر کریں کم ہے کہ اس نے ہمیں خلافت جوبلی منانے کی توفیق دی۔

آرائشی گیٹ وتزئین

اس مبارک موقعہ پر ملکی تنظیموں مجلس انصار اللہ، مجلس خدام الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ کے علاوہ حلقہ مبارک، حلقہ ناصر آباد، حلقہ نور اور دارالانوار کی طرف سے خوبصورت گیٹ بنائے گئے۔ جن پر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی اور خلافت احمدیہ زندہ باد کے نعرے نمایاں تھے۔

قادیان کی تمام گلیوں میں خوبصورت جھنڈیاں لگائی گئی تھیں اور مختلف زبانوں میں اور مختلف عبارتوں پر مشتمل بینرز بھی آویزاں کئے گئے تھے جبکہ معززین شہر، مقامی غیر تنظیموں وسوسائٹیوں اور حکام بالا کی طرف سے بھی مختلف مقامات پر مبارک بادی کے بینرز لگائے گئے۔

چراغاں

مرکزی عمارات بیت اقصیٰ، بیت مبارک، دارالمسیح، منارۃ المسیح، ذیلی تنظیموں کی عمارات پر شاندار چراغاں ہوا اس کے علاوہ تمام احمدی احباب نے اپنے گھروں میں حسب توفیق زیادہ سے زیادہ مختلف رنگوں اور ڈیزائنوں کے بجلی کے قمقمے روشن کئے جس سے قادیان کی بستی بقعہ نور بنی ہوئی تھی۔

تقسیم کھانا

27 مئی کے دن تمام احمدی گھروں میں امارت مقامی کے تحت زردہ اور پلاؤ تقسیم کیا گیا۔

صدقہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ

العزیز کی منشاء مبارک کے مطابق 27 مئی سے لگاتار چار یوم تک امارت مقامی کے زیر اہتمام 101 بکروں کی قربانی دی گئی۔ محترم امیر مقامی صاحب نے جوبلی تقریب سے قبل صدقہ کی تحریک کی تھی جس میں احباب جماعت نے اپنی استطاعت کے مطابق حصہ لیا۔

بہشتی مقبرہ کی سجاوٹ اور جلسہ گاہ کی تیاری

اگرچہ کافی عرصہ سے بہشتی مقبرہ کی صفائی سڑکوں کی پختگی اور جنازہ گاہ میں یادگار کے قیام کے لئے تعمیراتی کام چل رہا تھا لیکن گزشتہ چند دنوں سے اس میں بہت تیزی آچکی تھی۔ دن رات ایک کرکے بہشتی مقبرہ کو خوبصورت بنایا گیا۔ تمام راستوں پر لال اور ہرے رنگ کی میٹ بچھائی گئی۔ مزار مبارک کی طرف جانے والے راستہ میں دونوں طرف سجاوٹ کی گئی۔ مستورات کے لئے الگ شامیانہ لگا کر وسیع پنڈال بنایا گیا۔ دونوں طرف کے درختوں پر بجلی کے قمقمے ڈالے گئے اور پورے بہشتی مقبرہ کو شاندار طریق پر سجایا اور روشن کیا گیا۔ بیرونی گیٹ کے علاوہ جنازہ گاہ کی طرف جانے والے رستہ کے شروع میں ایک بہت بڑا گیٹ بنایا گیا جبکہ جنازہ گاہ کے قریب ایک اور خوبصورت گیٹ بنایا گیا اور دونوں کو پھولوں اور بجلی کے قمقموں سے بہت خوبصورت رنگ سے سجایا گیا۔

اسی طرح مقام قدرت ثانیہ اور جنازہ گاہ کو بھی میٹ بچھا کر جھنڈیوں اور قمقموں سے نہایت شاندار رنگ میں مزین کیا گیا۔ ترتیب سے کرسیاں لگائی گئیں، پنکھوں کا مناسب انتظام تھا۔ جن پر احباب جماعت کے علاوہ بیرونی علاقوں اور قادیان کے معززین کے لئے بیٹھنے کا وسیع انتظام کیا گیا تھا۔ درمیان میں بہت بڑی سکرین لگائی گئی جس پر ایم ٹی اے سے نشر ہونے والے روح پرور Live پروگرام دکھائے گئے۔

معززین شہر کو دعوت

معززین و اہالیان شہر کے علاوہ قرب و جوار کے سرکردہ لوگوں کو بھی اس عظیم الشان جلسہ میں شمولیت کے لئے دعوت نامے دیئے گئے۔ چنانچہ کثیر تعداد میں مہمان احباب و سرکردہ سیاسی لیڈر اور اخباروں کے نمائندے تشریف لائے۔

نمائش

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے اس مبارک موقعہ پر سرائے طاہر میں جامعہ احمدیہ کی طرف سے ایک شاندار نمائش چند روز تک لگائی گئی جس میں مردوں اور خواتین کے لئے الگ الگ وقت رکھے گئے تھے۔ یہ اوقات صبح آٹھ بجے سے رات گیارہ بجے تک مقرر تھے۔ نمائش کا افتتاح 25 مئی کو محترم ناظر صاحب اعلیٰ نے فرمایا۔ اس نمائش میں خلافت احمدیہ کے تحت ہونے والی جماعتی ترقیات کو نمایاں کیا گیا تھا۔

وقار عمل و صفائی

اگرچہ گزشتہ کئی دنوں سے قادیان میں صفائی کا خاص خیال رکھا جارہا تھا تاہم ایک دن خدام الاحمدیہ کے زیر انتظام قادیان کے تمام علاقوں میں مثالی وقار عمل کیا گیا جس سے نالیوں راستوں اور مختلف جگہوں میں صفائی کی گئی۔ جو محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی زیر نگرانی تمام خدام قادیان نے نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دی۔

مرکزی جلسہ یوم خلافت لندن میں شمولیت

ساڑھے تین بجے جملہ احباب جماعت مرد و خواتین مقام ظہور قدرت ثانیہ میں اکٹھے ہوئے۔ اسی طرح قادیان اور مضافات سے غیر مسلم بھائی و سرکردہ افراد تشریف لائے جن کے بیٹھنے کے لئے شاندار وسیع انتظام تھا۔ درمیان میں ایک بڑی سکرین کے ذریعہ MTA پر براہ راست پروگرام پیش کیا جارہا تھا۔ ایم ٹی اے پر قادیان ربوہ اور لندن سے احباب جماعت کے انٹرویوز پیش کئے جارہے تھے جن میں خلافت احمدیہ کی برکات، خلافت سے عقیدت و محبت اور اس مبارک تقریب پر دلی کیفیات و جذبات کا والہانہ اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے احسانوں کا شکر ادا کیا جارہا تھا۔ جس کو دیکھ کر عجیب روحانی لذت محسوس ہورہی تھی۔ غیر بھی اس نظارہ کو دیکھ کر متعجب و حیران تھے اور احباب جماعت کو مبارکباد پیش کررہے تھے۔ ہر فرد جماعت چھوٹا بڑا خوش تھا، خوشی کا اظہار کررہا تھا۔ ہر ایک کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے اور سب اپنی خوش قسمتی پر نازاں تھے۔ ساڑھے تین بجے محترم حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ نے لوائے احمدیت لہرایا جو مقام ظہور قدرت ثانیہ کے قریب ہی نصب کیا گیا تھا۔ تمام حاضرین احتراماً کھڑے ہوگئے۔ نعرہ تکبیر کی بلند آوازوں نے فضا میں ارتعاش پیدا کردیا۔ دلوں کو گرما دیا۔ اس کے بعد آپ نے پُرسوز دعا کرائی۔ اگرچہ موسم کافی گرم تھا تاہم آہستہ آہستہ ہوا اور دن کے ڈھلنے کے ساتھ ساتھ گرمی کی شدت کم ہوتے ہوئے خوشگوار صورت اختیار کرگیا۔ اس وقت ایک شاندار نظارہ ظاہر ہوا جسے مذاہب عالم بلکہ دنیا کی تاریخ میں پہلی بار دیکھا گیا۔ قادیان، ربوہ اور لندن سے براہ راست مناظر ساری دنیا میں نشر ہوئے۔ اس موقعہ پر تمام حاضرین کے لئے شربت اور شیرینی کا انتظام تھا۔

موسم کی خرابی اور سازگار ہونا

دوپہر کے وقت موسم نے شدید آندھی اور بارش کی صورت اختیار کرلی جس سے لگتا تھا کہ سارا انتظام درہم برہم ہوجائے گا اور موسم کی خرابی کی وجہ سے مقام ظہور قدرت ثانیہ پر وسیع انتظامات کے باوجود جلسہ نہ ہو پائے گا۔ ہر ایک کو فکر لاحق تھی۔ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور خدا کے فرشتوں نے یکدم موسم کو بدل دیا اور نہایت شان کے ساتھ جلسہ کا انعقاد عمل میں آیا۔

خطاب حضور انور

پانچ بجکر بیس منٹ پر حضور انور سٹیج پر تشریف لائے۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم قصیدہ عربی اور ترجمہ قصیدہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے چھ بجے نہایت بصیرت افروز اور تاریخی خطاب فرمایا جو دو گھنٹے کے قریب جاری رہا۔

پریس کی کوریج

27 مئی کی پُروقار تقریب کے حوالے سے اخبارات نے 25 مئی سے ہی لگاتار خبریں شائع کیں جبکہ 27 مئی کے روز اردو روزنامہ ہندسماچار جالندھر، ہندی روزنامہ دینک جاگرن اور پنجابی روزنامہ نواں زمانہ اور سچ دی پٹاری نے صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی سے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے مکمل پیغام کا متن حضور کی تصویر کے ساتھ شائع کیا جبکہ درج ذیل اخبارات نے 29 مئی تک حضور انور کے پیغام کے خلاصے کے ساتھ ساتھ جوبلی سے متعلق خبریں اور جماعت کی ترقیات اور رواداری کی تعلیم سے متعلق مضامین شائع کئے۔

1۔ دیش سیوک (پنجابی) چنڈی گڑھ
2۔ نواں زمانہ (پنجابی) چنڈی گڑھ
3۔ چڑھدی کلا (پنجابی) پٹیالہ
4۔ سچ دی پٹاری (پنجابی) بٹالہ
5۔ اجیت (پنجابی) جالندھر
6۔ پنجابی ٹریبیون (پنجابی) چنڈی گڑھ
7۔ پنجاب کیسری (ہندی) جالندھر
8۔ دینک جاگرن (ہندی) جالندھر
9۔ امر اجالا (ہندی) جالندھر
10۔ دینک بھاسکر (ہندی) جالندھر
11۔ اجیت سماچار (ہندی) جالندھر
12۔ ٹائمز آف انڈیا (انگلش) چنڈی گڑھ
13۔ ہندسماچار (اردو) جالندھر

علاوہ ازیں قومی چینل دوردرشن جالندھر نے تین مرتبہ اپنی نشریات میں جوبلی سے متعلق خبر نشر کی۔ علاوہ ازیں D.TV، پنجاب ٹوڈے، Mh1 میں جوبلی تقاریب سے متعلق خبریں نشر ہوئیں۔ ساتھ ہی بھارت کے طول و عرض سے جوبلی پروگراموں کی وسیع کوریج کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔ جن کا خلاصہ بعد میں دیا جائے گا۔

اس مبارک تقریب کے موقعہ پر محترمہ پرتیبھا پاٹل صدر جمہوریہ ہند نے اپنا مبارکبادی کا پیغام بھجوایا تھا۔

(ہفت روزہ بدر قادیان 29 مئی 2008ء)

☆......☆......☆

(بقیہ صفحہ 6)

طرح لندن کے پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم میں جولائی 2005ء میں سات اور پچیس تاریخ کو ہونے والے بم دھماکوں کو روکنے میں ناکامی اور اس دوران برازیل کے بے گناہ طالب علم Jean Charles de Menezes کی سکاٹ لینڈ یارڈ کے اہلکاروں کی فائرنگ سے ہونے والی موت کے ذمہ داروں کو سزا نہ دینے کے عمل سے بھی سکاٹ لینڈ یارڈ کے تفتیشی عمل کی شفافیت بری طرح مجروح ہوئی ہے اور اس ادارے کی کارکردگی پر شکوک شبہات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ دیگر کئی کیسوں کی طرح یہ معاملہ بھی داخل دفتر کردیا گیا ہے۔

جب ہم سکاٹ لینڈ یارڈ کی ناکامیوں کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمارا اس حقیقت سے سامنا ہوتا ہے کہ سراغ رسانی کے باب میں عالمی سطح پر تسلیم شدہ اس ادارے کو قتل کی ان وارداتوں میں ناکامی یا پسپائی ہوئی جن کا ذمہ دار عمومی طور پر کسی بھی ملک کی مقتدر اور طاقتور ترین قوتوں کو سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً صدر جان ایف کینیڈی کی ہلاکت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہیں سی آئی اے نے بعض محرکات کی بناء پر موت کے گھاٹ اتار دیا تھا۔ سی آئی اے نے جس شخص سے کینیڈی کا خون کرایا تھا اپنا دامن بچانے کے لئے اس کے خون سے بھی ہاتھ رنگ لئے۔ اسی طرح لیڈی ڈیانا کی بظاہر حادثاتی موت کو بڑے پیمانے پر برطانیہ کے خفیہ اداروں کی کارستانی گردانا گیا۔ پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی المناک شہادت ان قوتوں کی کارروائی تصور کی جاتی ہے جنہیں قتل کرکے تمام نشان مٹا دینے پر قدرت اور اس سلسلے میں ہر سہولت حاصل ہے۔ چنانچہ نہ صرف لیاقت علی خان کا قاتل موقع پر ہی مار ڈالا گیا اور اس سانحے کی تفتیشی رپورٹ جس ہیلی کاپٹر میں لائی جارہی تھی وہ جنگ شاہی کے قریب گر کر تباہ ہوگیا۔ مرتضیٰ بھٹو کی مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاکت اور پھر اس معاملے کے ایک اہم کردار پولیس آفیسر کا پراسرار قتل بھی اپنے پیچھے کچھ ایسے غیر مرئی نشان چھوڑ گیا جو طاقتور حلقوں کی کمیں گاہوں تک جاتے ہیں۔ بے نظیر بھٹو کی وفات بھی ایسے ہی واقعات کی ایک کڑی ہے۔ تاہم یہ واردات منصوبہ بندی کے حوالے سے اس نوعیت کی گزشتہ وارداتوں سے کہیں زیادہ پیچیدہ دکھائی دیتی ہے۔

(سنڈے ایکسپریس 20 جنوری 2008ء)

شام

اردو میں جسے ملک شام کہا جاتا ہے۔ اس کا اصل نام سوریہ ہے۔ شام اس ملک کا ایک صوبہ ہے جس میں دارالحکومت دمشق واقع ہے۔ مقامی لوگ شام کا لفظ دمشق کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

ماخوذ

برطانیہ کا مشہور سراغرساں ادارہ

سکاٹ لینڈ یارڈ ماضی وحال کے آئینہ میں

ان گنت واقعات اور سازشوں کی پر پیچ کہانیوں کے راز فاش کرنے میں شہرت رکھنے والے سراغ رسانی کا مشہور برطانوی ادارہ سکاٹ لینڈ یارڈ اپنے طویل تجربے پر محیط ماضی اور اپنے کام کے دوران تفتیش کے متنوع اور منفرد طریقہ کار کے باعث دنیا بھر میں جداگانہ حیثیت اور بلند مقام رکھتا ہے۔

سکاٹ لینڈ یارڈ کا ماضی لگ بھگ دو صدیوں پر پھیلا ہوا ہے جس میں اسے جرائم کی بیخ کنی کے دوران ان گنت کامیابیوں اور لاتعداد ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ نیو سکاٹ لینڈ یارڈ انفرادی حیثیت میں خود کوئی ادارہ نہیں ہے' بلکہ یہ برطانیہ کی میٹروپولیٹن پولیس سروس کے ہیڈ کوارٹر اور تفتیشی ایجنسی کا مشہور زمانہ نام ہے۔ میٹروپولیٹن پولیس سروس (M.A.s) جسے Met بھی کہا جاتا ہے لندن شہر کی سیکیورٹی کی ضامن ہے۔ اس کا صدر دفتر وسطی لندن کے مشہور علاقے ویسٹ منسٹر میں براڈوے اور وکٹوریا سٹریٹ پر ایک 20 منزلہ عمارت میں واقع ہے۔ واضح رہے کہ یہ عمارت برطانوی پارلیمنٹ سے' جسے ہاؤس آف پارلیمنٹ اور ویسٹ منسٹر محل کی مناسبت سے ''ویسٹ منسٹر پیلس'' بھی کہا جاتا ہے' صرف 450 میٹر کی دوری پر واقع ہے۔ اس مقام سے شمالی سمت پر دریائے ٹیمز بہہ رہا ہے' جبکہ دوسری جانب سرکاری عمارتوں پر مشتمل علاقہ وائٹ ہال ہے جہاں 29 ستمبر 1829ء میں اس ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا تھا اور پھر نومبر 1890ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کے دفاتر کو وائٹ ہال سے دریائے ٹیمز کے شمالی شاخ پر واقع وکٹوریا سٹریٹ پر منتقل کر دیا گیا اور اس کا نام تبدیل کر کے ''نیو سکاٹ لینڈ یارڈ'' کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ یہ سٹریٹ ویسٹ منسٹر شہر کو لندن سے بھی ملاتی ہے۔ موجودہ مقام 10 براڈوے سٹریٹ پر نیو سکاٹ لینڈ یارڈ کے دفاتر 1967ء میں منتقل ہوئے۔

ادارے کے ہیڈ کوارٹر کا نام سکاٹ لینڈ یارڈ رکھنے کی وجہ کا کوئی خاص پس منظر نہیں ہے۔ 1707ء سے قبل سکاٹ لینڈ کے بادشاہ کے دور میں اس سٹریٹ پر سکاٹ لینڈ کے ڈپلومیٹک شعبے کے لوگوں کے بسنے کے باعث وائٹ ہال کے اس علاقے یا سٹریٹ کا نام سکاٹ لینڈ یارڈ پڑ گیا۔

اس حوالے سے دوسری رائے یہ ہے کہ اس سٹریٹ کے مالک کا نام Scott تھا جس کی مناسبت سے وائٹ ہال کے علاقے کی یہ سٹریٹ سکاٹ لینڈ یارڈ کہلانے لگی سولہویں صدی کے مشہور برطانوی آرکیٹیکچر Inigo Jones اور مشہور شاعر جان ملٹن کی رہائش گاہیں بھی اسی علاقے میں تھیں۔

میٹروپولیٹن پولیس کے ہیڈ کوارٹر کی منتقلی کے بعد اسے بھی اسی مناسبت سے نیو سکاٹ لینڈ یارڈ کہا جانے لگا۔

سکاٹ لینڈ یارڈ کی بنیاد متحدہ برطانیہ کے 1834ء تا 1835ء اور پھر 1841ء سے 1846ء تک وزیر اعظم کے عہدے پر فائز رہنے والے سر رابرٹ پیل نے 29 ستمبر 1829ء کو رکھی۔ اس ادارے کی تشکیل میں ان کا ساتھ مشہور فرانسیسی مجرم Francois-Eugene Vidocq نے دیا جو جرائم سے تائب ہو کر فرانس کی نیشنل سیکیورٹی میں شامل ہو کر اس ادارے کے سربراہ کے عہدے تک جا پہنچا تھا۔ بنیادی طور پر یہ باقاعدہ پولیس سٹیشن نہیں تھا' بلکہ جدید بنیادوں پر سراغ رسانی اور تفتیشی عمل کے لئے قائم کیا جانے والا پچاس کمروں پر مشتمل وسیع کمپلیکس تھا جس میں دو کمشنر Sir Col. Charles Rowan Mayne اور Sir Richard اور ان کے ماتحت فرائض انجام دیتے تھے۔ تفتیشی عمل سائنسی بنیادوں پر کیا جانا اس نوتشکیل ادارے کی انفرادیت اور پہچان قرار پایا۔

اس ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد لندن میں بڑھتے ہوئے جرائم کی بیخ کنی تھا۔ اس مقصد کے لئے وزیر اعظم سر رابرٹ پیل کی جانب سے اسمبلی سے بل منظور کرانے کے بعد یہ ادارہ ظہور پذیر ہوا۔ اپنے قیام کے اگلے سال ہی اس کے ملازمین کی تعداد بڑھ کر 3300 تک پہنچ گئی۔ 1831ء سے 1841ء تک اس ادارے نے کئی اہم امور انجام دیئے اور لندن میں امن وامان کی حالت بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا 1842ء میں اس پولیس ڈیپارٹمنٹ میں سراغ رسانی کا باقاعدہ شعبہ بھی کام کرنے لگا۔ اس شعبے کے قیام سے 1847ء تک سکاٹ لینڈ یارڈ نے 14,091 چوریوں کا سراغ لگایا اور ان کے مرتکب 62,181 افراد کو سزا دلوائی۔ اس دوران ڈیپارٹمنٹ کے 238 ملازمین کو غیر ذمہ دارانہ طرز عمل کے باعث معطل کیا گیا۔ یہ وہ وقت تھا جب لندن کی آبادی 2,473,758 نفوس پر مشتمل تھی اور محکمہ پولیس میں ملازمین کی تعداد ساڑھے پانچ ہزار کے لگ بھگ تھی۔

1850ء میں پہلے کمشنر سر چارلس راون کے ریٹائرمنٹ کے بعد کیپٹن ولیم نے میٹروپولیٹن پولیس کی باگ ڈور سنبھال لی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ محکمے میں برطانیہ کے ہر شہری کو ملازمت مل سکے گی۔ واضح رہے کہ اس وقت یعنی 1854ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کے 5700 ملازمین میں دو اعشاریہ پانچ فیصد سکاٹ اور صرف چھے اعشاریہ پانچ فیصد آئرش شہری شامل تھے۔ یہ تناسب ان دونوں علاقوں کی آبادی کے لحاظ سے خاصا کم تھا۔ 1858ء میں پہلی مرتبہ مجرموں کو پولیس وین کے ذریعے جیل لے جایا گیا جو گھوڑوں کی مدد سے کھینچی گئی تھی۔ اس وین کا نام Black Marias تھا۔ 1862ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کے شعبوں کو وسعت دی گئی اور لندن کے مغرب میں X اور W ڈویژن اور شمال میں Y ڈویژن کا اضافہ کر دیا گیا۔ نفری اور محکموں میں اضافے کے بعد سکاٹ لینڈ یارڈ نے پہلی مرتبہ بحری قزاقوں سے بچاؤ کے لئے اپنے 800 جوان بحری جہاز Flowery Land پر تعینات کئے' جو دنیا میں کسی بھی سرکاری عسکری محکمے کی جانب سے اپنی پیشہ وارانہ خدمات معاوضہ پر دینے کی اولین مثال بھی کہی جاتی ہے۔ سکاٹ لینڈ یارڈ کے اس عمل نے دنیا میں اس کی مہارت کی دھاک بیٹھا دی' مگر 1866ء میں لندن کے ہائیڈ پارک میں ہونے والے مظاہروں کو سکاٹ لینڈ یارڈ روکنے سے قاصر رہا اور پہلی مرتبہ اس نے امن وامان کے قیام کے لئے فوج سے مدد لی۔ واضح رہے کہ ان مظاہروں میں 28 پولیس آفیسر مستقل معذور ہو گئے تھے اور کمشنر Sir Richard Mayne شدید زخمی ہو گئے تھے۔

چھ سال بعد 1872ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کے جوانوں نے پہلی مرتبہ ہڑتال کی۔ تاہم یہ ہڑتال زیادہ دیر تک جاری نہ رہ سکی اور سپاہی جلد ہی ڈیوٹیوں پر واپس آ گئے۔

آئرش ریپبلکن آرمی کی علیحدگی پسندانہ سرگرمیوں کو روکنے کے لئے سکاٹ لینڈ یارڈ میں 1883ء میں بنائی گئی اسپیشل آئرش برانچ کو اپنے افتتاح کے اگلے سال ہی بم دھماکے کا شکار ہونا پڑا جس میں کافی مالی نقصان بھی ہوا، تاہم' خوش قسمتی سے جانی نقصان نہیں ہوا۔

1890ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کا دفتر مشہور برطانوی آرکیٹیکچر نارمن شا سے منسوب بلڈنگ میں منتقل ہو گیا اور اسے نیو سکاٹ لینڈ یارڈ کے نام سے پکارا جانے لگا۔ پہلی مرتبہ محکمے میں شمولیت کے قواعد وضوابط کی وضاحت کی گئی' جن کے مطابق ملازمت کے لئے کم سے کم 21 سال اور زیادہ سے زیادہ 27 سال کی عمر کا تعین کیا گیا۔ اس کے علاوہ قد کی حد پانچ فٹ نو انچ مقرر کی گئی اور معمولی پڑھنے لکھنے کی صلاحیت کی شرط کے ساتھ عمومی ذہانت کا ٹیسٹ بھی رائج کیا گیا۔ 1898ء میں تمام پولیس اہلکاروں کو ڈیوٹی کے دوران پستول رکھنے کی اجازت دے دی گئی ساتھ نئی صدی کی شروعات ہوتے ہی 1901ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ میں فنگر پرنٹ بیورو کا قیام عمل میں لایا گیا' جس سے قتل کی وارداتون کے تفتیشی عمل میں تیزی پیدا ہونے کی ساتھ تحقیقی مواد بھی نتیجہ خیز ثابت ہونے لگا۔ یہاں یہ امر دلچسپی سے خالی نہ ہو گا کہ اس دوران پولیس کے بارے میں شائع ہونے والے ایک رسالے میں پولیس سکاٹ لینڈ یارڈ کے ایک کانسٹیبل ولیم ہیلیٹ کے بارے میں خبر شائع ہوئی کہ اس نے اپنی 26 سال کی نوکری میں دوران گشت لگ بھگ ایک لاکھ چوالیس ہزار میل کا سفر کیا' جو دنیا کے گرد مکمل پانچ چکروں کے برابر بنتا ہے۔ چنانچہ ولیم کو اس طرح جانفشانی سے کام کرنے پر تعریفی میڈل سے نوازا گیا۔

1910ء میں سکاٹ لینڈ میں ریڈیو ٹیلی گراف کا استعمال شروع کیا گیا، جس کے چار سال بعد محکمے میں خواتین کی بھرتی بھی شروع کر دی گئی اور پولیس ایمبولینس سروس کا آغاز کیا گیا۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران 1917ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کی جانب سے ڈھائی ہزار سپاہیوں اور افسران نے جنگی خدمات انجام دیں جنگ کے اختتام پر سکاٹ لینڈ یارڈ میں کئی محکمہ جاتی اصلاحات نافذ کی گئیں' جن میں تنخواہوں میں بہتری کے علاوہ ڈیلی الاؤنس اور یونیفارم الاؤنس کا اجراء بھی شامل تھا۔ اسی دوران خواتین کے گشتی یونٹ کا قیام بھی عمل میں آیا۔

1929ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ نے اپنا صد سالہ جشن منایا۔ اس سلسلے میں ایک زبردست تقریب ہائیڈ پارک میں منعقد کی گئی اور پہلی مرتبہ سکاٹ لینڈ یارڈ کی کسی تقریب میں پرنس آف ویلز شہزادہ ایڈورڈ ہشتم نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ شہزادہ ایڈورڈ نے سکاٹ لینڈ یارڈ کے سپاہیوں کی تربیت کے لئے وسطی لندن سے سات میل کی دوری پر واقع علاقے ہینڈن میں ''میٹروپولیٹن پولیس کالج'' کے قیام کا اعلان کیا جو 1934ء میں مکمل ہوا۔ اس کالج میں زیر تعلیم افسران اور سپاہیوں کی کاوشوں سے 1935ء کے آخر میں سکاٹ لینڈ یارڈ کی جدید ٹیکنالوجی اور آلات سے لیس پہلی فارنسک لیبارٹری قائم کی گئی' جس سے تفتیشی عمل میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ اسی طرح 1937ء میں تین ہندسوں پر مشتمل ٹیلی فون ایمرجنسی نمبر 999 عوامی سطح پر متعارف کرایا گیا، جسے ڈائل کرنے کے چارجز نہیں تھے۔ یہ دنیا کی کسی بھی پولیس سروس کی جانب سے عوام کے لئے فوری رابطے کیلئے دی جانے والی پہلی سہولت تھی۔

1939ء سکاٹ لینڈ یارڈ کی صلاحیتوں کے لئے سخت آزمائش کا سال بن کر آیا' جب پورے انگلینڈ میں آئرش ری پبلکن آرمی کی جانب سے دہشت گردی کی وارداتوں میں زبردست اضافہ ہو گیا۔ اس سال 59 بم دھماکے ہوئے' جنہیں سکاٹ لینڈ یارڈ روکنے میں ناکام رہا۔ اگلے سال دوسری جنگ عظیم کے دوران 29 دسمبر 1940ء کو جرمن فضائیہ کی جانب سے لندن پر ہوائی حملے میں ہائیڈ پارک میں تعینات سکاٹ لینڈ یارڈ کے اہلکاروں اور سپاہیوں سے متعلق اب تک کی سب سے بڑی اجتماعی اموات میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی پولیس سٹیشن بھی تباہ ہو گئے۔ واضح رہے کہ دوسری جنگ عظیم کے دوران

سکاٹ لینڈ یارڈ کی خدمات کا دائرہ کار چونکہ افواج کی مدد تک پھیل گیا تھا لہٰذا ادارے کی توجہ شہر کی نگرانی سے ہٹ جانے کے باعث 1944ء میں لندن اور اس کے گردونواح میں جدید یورپ کی تاریخ کی سب سے زیادہ لوٹ مار کی گئی‘ جس نے پولیس کی موجودگی کی اہمیت میں مزید اضافہ کر دیا۔ نتیجے کے طور پر 1946ء میں میٹرو پولیس میں بدعنوانیوں کی روک تھام کا شعبہ قائم کیا گیا اور کمشنر ہیرالڈ سکاٹ کی ہدایت پر کیڈٹ کی تربیت کیلئے کم عمر نوجوانوں کا انتخابی عمل شروع ہوا۔

1955ء کے اوائل میں سکاٹ لینڈ یارڈ کا 100 افراد پر مشتمل مرکزی ٹریفک اسکواڈ اور شعبہ اطلاعات قائم کیا گیا جبکہ 1960ء میں جرائم کی سراغ رسانی اور تفتیش کا علیحدہ شعبہ اور موٹر گاڑیوں کی چوری کے متعلق تحقیقات پر مبنی برانچ قائم کی گئی۔ اسی سال برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے تعاون سے پولیس 5 کے نام سے ہیڈن میں واقع پولیس کالج سے سکاٹ لینڈ یارڈ کی سرگرمیوں کے حوالے سے ریڈیو نشریات کا آغاز کیا گیا۔ 1965ء میں موٹر گاڑیوں پر مشتمل سپیشل پیٹرولنگ گروپ کا قیام عمل میں آیا‘ جس میں 100 آفیسر تعینات تھے۔ سپیشل پیٹرولنگ گروپ نے صرف 9 مہینوں میں تقریباً چار سو جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کر کے اپنی اہمیت منوائی۔

1967ء وہ سال تھا جب میٹرو پولیٹن پولیس کا 1890ء سے نارمن شا بلڈنگ میں واقع ہیڈ کوارٹر نیو سکاٹ لینڈ یارڈ براڈوے وکٹوریا سٹریٹ پر منتقل کر دیا گیا۔ جہاں تک سکاٹ لینڈ یارڈ میں خواتین کی براہ راست بھرتی کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں کمشنر رابرٹ مارک کا کردار نہایت اہم ہے۔ انہوں نے 1973ء میں اس سلسلے میں احکامات جاری کئے کہ سکاٹ لینڈ یارڈ کے ہر شعبے میں خواتین کو بلا تخصیص بھرتی کیا جائے۔ اسی طرح انہوں نے 1975ء میں ٹیلی ویژن پر آ کر عوام سے اپیل کی کہ وہ رنگ اور نسل کے اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے پولیس میں شامل ہو کر خدمات انجام دیں۔

اپنی ایک سو پچاسویں سالگرہ کے اگلے سال 1980ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ نے برطانوی فوج کی سپیشل ایئر سروس رجمنٹ کے ساتھ ایک مشترکہ آپریشن میں لندن میں واقع ایرانی سفارت خانے میں مسلح افراد کی جانب سے یرغمال بنائے گئے 26۔ افراد کو چھ دن بعد بہ حفاظت نکالا تھا۔ سکاٹ لینڈ یارڈ کی اس کارکردگی کو عالمی سطح پر خاصی پذیرائی حاصل ہوئی تھی۔ اسی سال سکاٹ لینڈ یارڈ نے امریکا کی کمپنی Bell Helicopter Textron کے بنائے ہوئے دو انجنوں پر مشتمل ہیلی کاپٹر Bell 222 کے ساتھ اپنے ائیر سپورٹ یونٹ کا آغاز بھی کر دیا۔ 1996ء میں سکاٹ لینڈ یارڈ کی ویب سائٹ کا اجراء ہوا اور اگلے سال نیشنل آٹو میٹڈ فنگر پرنٹ آئیڈنٹیفیکیشن سسٹم (NAFIS) نافذ کیا گیا۔ تاہم‘ اپنے موجودہ سربراہ Sir Ian Warwick Blair کے متنازع بیانات اور حوالوں نے سکاٹ لینڈ یارڈ کی اہمیت کو کافی حد تک گہنا دیا ہے اور عالمی سطح پر اس کی افادیت پر سوالیہ نشان ثبت کر دیا ہے۔

مشہور ناکامیاں

1885ء میں طب کی ڈگری حاصل کرنے والا امریکن ڈاکٹر ہاروے کریپن جب اپنی دوسری بیوی اداکارہ Belle Elmore کو قتل کر کے کینیڈا بھاگ رہا تھا تو اس دوران بحری جہاز پر موجود سکاٹ لینڈ یارڈ کے سراغ رساں نے اسے شناخت کر کے سراغ رسانی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ٹیلی گراف کا استعمال کرتے ہوئے ہیڈ کوارٹرز کو اطلاع دی اور قاتل کو گرفتار کرایا۔ 1910ء میں ظہور پذیر ہونے والا یہ واقعہ جرائم کی دنیا میں ٹیلی گراف کے پہلی مرتبہ استعمال کے حوالے سے یادگار سمجھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ادارہ کامیابیوں کی شاندار تاریخ رکھتا ہے لیکن اس تاریخ میں جابجا زبردست ناکامیوں کے واقعات بھی ملتے ہیں۔ سکاٹ لینڈ یارڈ کی تاریخ کا ناکام ترین کیس ''جیک دی ریپر'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے جس کے دوران سکاٹ لینڈ یارڈ کے چوٹی کے سراغ رساں ایڑی چوٹی کا زور لگانے کے باوجود قاتل یا قاتلوں کو نہیں پکڑ سکے تھے۔ یکے بعد دیگرے پانچ طوائفوں کی شدید تشدد زدہ لاشوں کے ملنے کے بعد اس کیس کو حل کئے بغیر داخل دفتر کر دیا گیا تھا‘ جو ابھی تک ایک معمہ ہے۔ 1969ء میں انگولا میں جنم لینے والی خانہ جنگی کے دوران فوجی جرائم اور الزامات کے بارے میں حقائق جاننے کے لئے متاثرہ علاقوں میں بھیجی جانے والی سکاٹ لینڈ یارڈ کی تفتیشی ٹیم الزامات کو ثابت کئے بغیر واپس برطانیہ آ گئی تھی۔ بین الاقوامی سطح کا ایک اور ہائی پروفائل کیس جس کے پس پردہ حقائق اور واقعات تقریباً دس سال سے پر اسراریت کی تہہ میں چھپے ہوئے ہیں اس کا تعلق دنیا بھر میں عوام کی ہر دلعزیز اور مقبول ترین شخصیت پرنس آف ویلز لیڈی ڈیانا سے ہے جو اپنے دوست دودی الفائد کے ساتھ پیرس کی ایک سرنگ سے گزرتے ہوئے گاڑی کے پراسرار حادثے میں دودی الفائد سمیت ہلاک ہو گئی تھیں۔ یہ سانحہ لیڈی ڈیانا اور شہزادہ چارلس کے درمیان طلاق کے ٹھیک ایک سال اور دو دن بعد 31/اگست 1997ء کو پیش آیا تھا۔ واضح رہے کہ اس حادثے کو دنیا بھر میں برطانوی شاہی خاندان میں پنپنے والی سازشوں کی کڑی قرار دیا گیا تھا جس کے اصل کردار ابھی تک سامنے نہیں آ سکے۔ کہا جاتا ہے کہ برطانیہ کے قلب میں واقع سکاٹ لینڈ یارڈ کا دفتر اور اس حادثے کی تحقیقات کے لئے متعین ٹیم کے سربراہ Sir John Stevens کسی نادیدہ قوت کے اشاروں پر اس حادثے کے ذمہ داروں کو بے نقاب کرنے سے پہلو تہی کر رہے ہیں۔

1981ء میں جنوبی لندن کے علاقے Brixton میں ہونے والے خطرناک فسادات سکاٹ لینڈ یارڈ کی صلاحیتوں پر شکوک شبہات پیدا کرنے کا باعث بن چکے ہیں۔ ان فسادات میں آزادانہ طور پر پٹرول بموں کا استعمال کیا گیا اور لاتعداد سکول‘ گھر‘ عمارتیں اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں جلا دی گئیں۔ مجموعی طور پر تین سو پولیس اہلکار اور پینسٹھ مظاہرین زخمی ہوئے۔ سو کے قریب گاڑیوں کو نذر آتش کیا گیا جن میں چھپن سکاٹ لینڈ یارڈ کی گاڑیاں تھیں۔ 150 عمارتوں کو نقصان پہنچایا گیا جن میں سے تیس عمارتیں راکھ کا ڈھیر بن گئیں۔ واضح رہے کہ اس علاقے میں ایک مرتبہ 1985ء اور پھر 1995ء میں اسی نوعیت کے فسادات سے سکاٹ لینڈ یارڈ کو نپٹنا پڑا تھا اور نقصانات کے حجم کو دیکھتے ہوئے ماہرین کا خیال ہے کہ سکاٹ لینڈ یارڈ ان فسادات پر قابو پانے کے لئے شروع کئے جانے والے آپریشن Swamp 81 میں مجموعی طور پر ناکام رہی۔

اسی طرح 1993ء میں ڈکیتی کی وارداتوں میں کمی کے حوالے سے سکاٹ لینڈ یارڈ کا آپریشن Bumblebee بھی ناکام سمجھا گیا۔ اگرچہ کرد باغیوں کی جانب سے 1999ء میں یونان کے سفارت خانے کے محاصرے کا اختتام پرامن طور پر ہوا تھا مگر اسے بھی سکاٹ لینڈ یارڈ کی اس لحاظ سے ناکامی کہا جاتا ہے کہ وہ محاصرے کی پیشگی اطلاع نہیں دے سکا تھا‘ جبکہ اس کے پاس جرائم کے حوالے سے دنیا کا سب سے عمدہ ڈیٹا بیس موجود ہے جسے Home Office Large Major Enquiry System یعنی Holmes کہا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ یہ نام مشہور جاسوسی کردار شرلاک ہومز کے نام سے اخذ کیا گیا ہے۔

اگر ہم پاکستان کے حوالے سے دیکھیں تو پاکستان کے پہلے وزیراعظم قائد ملت خان لیاقت علی خان کے قتل کی تحقیقات میں سکاٹ لینڈ کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا تھا یاد رہے کہ قائد ملت کے قتل کی تحقیقاتی کمیٹی اور کمیشن کی ناکامی کے بعد ایک انگریزی اخبار نے حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرائی تھی کہ شہید ملت کے قتل کی غیر جانب دارانہ تحقیقات سکاٹ لینڈ یارڈ سے کرائی جائے ،سکاٹ لینڈ یارڈ کی ٹیم اس ہائی پروفائل کیس میں کسی نتیجے پر پہنچے بغیر واپس چلی گئی تھی۔ اسی طرح دوسری مرتبہ سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے بیٹے اور دو مرتبہ کی منتخب وزیراعظم بے نظیر بھٹو کے بھائی مرتضیٰ بھٹو کی 20 ستمبر 1996ء کو کراچی میں مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاکت کی تحقیقات کے لئے سکاٹ لینڈ یارڈ کی ٹیم سراغ رساں Roy Herridge کی قیادت میں پاکستان آئی تھی اسے محض چند ہفتوں کے بعد ہی نگراں حکومت کی جانب سے دیئے جانے والے احکامات کے باعث تحقیقات نامکمل چھوڑ کر واپس جانا پڑا تھا۔ اس قتل کے ذمے دار اور محرکات ابھی تک بے نقاب نہیں ہو سکے ہیں۔

23 نومبر 2006ء کو رشین فیڈریشن کی فیڈرل سیکورٹی سروس کے سابق اہلکار 45 سالہ Alexander Litvinenko کی تابکاری مادے پلوٹونیم کے ذریعے لندن مین ہونے والے قتل کے حوالے سے سکاٹ لینڈ یارڈ کی تحقیقات ابھی تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکی ہے ایک اور بین الاقوامی سطح کا کیس جو ناکامی کا شکار ہے بالواسطہ طور پر پاکستان سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ کیس ہے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کوچ باب وولمر کی پراسرار ہلاکت۔ واضح رہے کہ باب وولمر 18 مارچ 2007ء کو کرکٹ ورلڈ کپ کے دوران جمیکا کے پیگاسس ہوٹل کے اس کمرے میں مردہ پائے گئے تھے جہاں ان کا قیام تھا۔ ان کی موت کو جمیکن پولیس نے قتل کی واردات قرار دیا تھا اور اس سلسلے میں بعض پاکستانی کھلاڑیوں کا بھی نام لیا جا رہا تھا بعدازاں اسکاٹ لینڈ یارڈ کی تحقیقاتی ٹیم نے اسے طبعی موت قرار دیا تھا لیکن جمیکن پولیس اور مرحوم کی بیوہ گل وولمر کا اصرار ہے کہ یہ قتل ہے اور اب اس کی تحقیقات FBI کر رہی ہے۔

22 نومبر 1963ء کو امریکی صدر جان ایف کینیڈی کا قتل اور پھر اس کے قاتل Lee Harvey Oswald کو اس واقعے کے صرف دو دن بعد ہی دوران حراست ہلاک کر دیئے جانے کی ابتدائی تحقیقات کے لئے سکاٹ لینڈ یارڈ کے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئی تھیں‘ مگر وہ صدر کینیڈی کے اصل قاتلوں کو بے نقاب کرنے میں ناکام رہے تھے۔ اسی

(باقی صفحہ 4 پر)

سکاٹ لینڈ یارڈ کا تنظیمی نظم و نسق

سکاٹ لیڈ یارڈ کا سربراہ کمشنر کہلاتا ہے‘ جس کے ماتحت ڈپٹی چیف کمشنر ہوتا ہے۔ اس وقت یہ فرائض Paul Stephenson انجام دے رہے ہیں۔ جب کہ سٹاف سے متعلق امور کی انجام دہی میں کمشنر کا مددگار کمشنرز چیف آف سٹاف کہلاتا ہے۔ ان تینوں عہدے داروں کے ماتحت دس شعبے کام کرتے ہیں۔ ڈائریکٹر آف انفارمیشن کے مزید سات ذیلی شعبے ہیں۔ آپریشنل سروسز کے چھ ذیلی شعبے ہیں۔ پبلک افیئر پانچ ذیلی شعبوں پر مشتمل ہے۔ سینٹرل آپریشن کے آٹھ ذیلی شعبے ہیں۔ ویٹوریل پولیسنگ کے بھی آٹھ ذیلی شعبے ہیں۔ سپیشلسٹ آپریشن پانچ ذیلی شعبے رکھتا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف سپیشلسٹ کرائم نو ذیلی شعبوں پر مشتمل ہے۔ سٹریٹجک شعبوں کے بارہ ذیلی شعبے ہیں۔ سٹریٹجی، ماڈرنائزیشن اینڈ پرفارمینس کے تین ذیلی شعبے ہیں جبکہ ہیومن ریسورسز کے دس شعبے ہیں۔ مجموعی طور پر 73 شعبوں پر محیط سکاٹ لینڈ یارڈ میں انتظامی عہدوں کے علاوہ بالترتیب کانسٹیبل سارجنٹ انسپکٹر چیف انسپکٹر سپرنٹنڈنٹ، چیف سپرنٹنڈنٹ، کمانڈر ڈپٹی‘ اسسٹنٹ کمشنر‘ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر کے عہدے شامل ہیں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 90819 میں محمود احمد اختر

